سوال

(231)تکبیرات عیدین میں رفع یدین

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زوائد تکبیرات عید میں رفع الیدین کرنا چاہیے یا نہیں؟ (محمد بن ذکی، ریاض سعودی عرب)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث "کان یرفع یدیہ فی کل تکبیرۃ کبیرھا قبل الرکوع" کی رو سے تکبیرات عیدین میں رفع الیدین کرنا چاہیے، یہ حدیث صحیح ہے۔

(دیکھئے سنن ابی داود(722)اور مسند احمد(2/133۔134)

اس حدیث کے مفہوم میں تکبیرات عیدین شامل ہیں جیسا کہ امام بیہقی اور امام ابن المنذر نے سمجھا۔ (شہادت، اگست 2001)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

جلد1۔کتاب الصلاۃ۔صفحہ455

محدث فتویٰ